اعراب مرکبات



یہ ہیں مرکبات کی قسمیں
نحو کا یہ ہے نور
یاد رکھو گے ان کو تو سمجھو گے
قرآن ضرور

اب آؤ دیکھیں مرکب تام
کا روشن چہرہ
جملہ مکمل ہوتا ہے جس پر بات کا
دو قسمیں اس کی اتر جائیں دل میں

19

مُرَکَّب (Compound)

- **مُرَکَّب تام (Complete Sentence)**
  - جملہ اسمیہ (Nominative Sentence)
  - جملہ فعلیہ (Verbal Sentence)
- **مُرَکَّب ناقص (Incomplete Sentence)**
  - مُرَکَّب اشاری (The demonstrative Compound)
  - مُرَکَّب جاری (Prepositional Compound)
  - مُرَکَّب اضافی The passive compound
  - مُرَکَّب توصیفی The Adjective compound
  - مُرَکَّب عَطفی Conjunctive Compound
  - مُرَکَّب عَدَدی The Numerical Compound

آؤ علم نحو کی محفل مل
کر ہم چمکائیں

مُرَکَّب اشاری (The demonstrative Compound)	مُرَکَّب جاری (Prepositional Compound)	مُرَکَّب اضافی The passive compound	مُرَکَّب توصیفی The Adjective compound	مُرَکَّب عَطفی Conjunctive Compound	مُرَکَّب عَدَدی The Numerical Compound
ایسا مرکب جس میں ایک اسم، دوسرے اسم کی طرف اشارہ کرے۔ "اسم اشارہ" اور "مشار الیہ" کے مجموعہ کو "مرکب اشاری" کہتے ہیں۔ تِلْكَ الْجَنَّةُ وہ جنت (مریم:63)	ایسا مرکب جس میں حروف جر میں سے کوئی ایک حرف جر اسم سے پہلے آجائے اور اسم کو مجرور کردے۔ فِي الْأَرْضِ زمین میں (وصف:73)	ایسا مرکب جو دو اسموں کے ملنے سے بنتا ہے جس میں کسی ایک اسم کو دوسرے اسم کی طرف نسبت دی گئی ہو۔ قَوْمُ لُوطٍ لوط کی قوم (ھود:89)	ایسا مرکب جس کے دونوں اجزاء اسم ہوں اور ایک اسم، دوسرے اسم کی اچھائی، برائی بیان کرے۔ صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ سیدھا راستہ (یسین:61)	ایسا مرکب جس میں حروف عطف میں سے کوئی ایک حرف عطف آئے اور دو لفظوں یا جملوں کو باہم ملائے۔ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ مشرق اور مغرب (البقرۃ:142)	ایسا مرکب جس میں ایک اسم، دوسری شے کی گنتی کرے۔ أُمَّةً وَّاحِدَةً ایک اُمت (البقرۃ:213)

مرکب عددی آخر میں
گنتی جس کا کام
امۃ واحدہ کہہ کر پائے جو اتمام

مرکب عطفی لائے حرف عطف
المشرق والمغرب جیسے تھامیں
ایک دوجے کا ہاتھ

مرکب توصیفی سن لو جو ہے فیاضان
صراط مستقیم بن کر صفت کا بیان

مرکب اضافی لائے ایک تعلق پیارا
قوم لوط کہہ جس نے رشتوں کو ابھارا

عربی زبان کے لفظوں کا ہے
یہ حسین نظام
مل جائیں دو یا دو سے زائد
تو مرکب ہے نام
اس کی دو بڑی قسمیں ہیں
ذہن میں رکھنا تم
اک کو کہتے ہیں ناقص اور دوجا
مرکب تام
مرکب ناقص کی باتیں
پہلے سمجھیں یار۔
چھ قسمیں ہیں اس کی سن لو
دلکش اور شاندار

مرکب اشاری جو اشارہ لائے
تلک الجنۃ کی صورت میں جیسے سمیں
سکھائے۔

مرکب جاری فی الارض کہلائے
حرف جر جب اسم سے پہلے اپنا رنگ
دکھائے۔

ہم مرکب ناقص ہیں مگر اعراب کے اصول کے پابند ہیں

1* - مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے - مرکب اضافی

2* - صفت، موصوف کی تابع ہوتی ہے - مرکب توصیفی
- وسعت - اعراب - عدد - جنس

3* - مرکب اشاری بھی ان 4 کا تابع ہے

4* - حرف جر اسم سے پہلے آکر اپنے بعد والے اسماء کو مجرور کر دیتا ہے - مرکب جاری

5* - معطوف کا اعراب اپنے معطوف علیہ کے تابع ہوتا ہے - مرکب عطفی